(4) مرکزی حکومت یا اس کے طرف سے کئے گئے کسی بھی معاہدہ، یا کنٹراکٹ میں اعلیٰ اطلاعاتی کمشنر، کوئی بھی دوسرے اطلاعاتی کمشنر جب کسی بھی دوسروں کے فائدوں کے لئے کوشاں رہتے ہوں، یا دخل دیتے ہوں، سب سکشن (ا) میں بتائے ہوئے قواعد کو توڑنے کے مماثل ہی ہوگا۔ کوئی بھی ان کارپوریٹ کمپنی کے فائدے، آمدنیاں، آمدنی میں اس کے علاوہ، اور کسی بھی طرح حصہ لینے کی صورت بھی نہ مناسب برتاؤ کے مماثل ہی ہوگا۔

باب (4)

ریاستی اطلاعاتی کمیشن

15۔(ا) اس قانون کے تحت دیئے گئے حقوق کو عمل کرنے کے لئے اور تفویض کئے گئے کام کاج کو عمل میں لانے کے لئے۔ (ریاست کا نام) اطلاعاتی کمشنر کا ادارہ، ریاستی حکومت سرکاری گزٹ میں شائع کریگی۔

(ii) ریاستی اطلاعاتی کمیشن حسب ذیل پر مشتمل رہے گا۔

(a) ریاست اعلی اطلاعاتی کمشنر

(b) ریاستی اطلاعاتی کمشنر جن کی تعداد دس سے بڑھ کر نہ ہوگی۔

(iii) ریاستی اعلی کمشنر اطلاعات' اور ریاستی اطلاعاتی کمشنروں کو ایک کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر گورنر تقرر کرینگے۔ اس کمیٹی میں حسب ذیل لوگ شریک رہیں گے۔

(1) وزیر اعلیٰ' کمیٹی کے چیر پرسن کے فرائض انجام دینگے۔

(2) مجلس مقنّنہ میں حزب مخالف کے قائد۔

(3) ایک ریاستی وزیر جن کو وزیر اعلی نامزد کرتے ہوں۔

وضاحت:...

مجلس مقنّنہ میں اگر کوئی حزب مخالف نہ ہوں تو' حزب مخالف کے زیادہ ارکان والی پارٹی کے کسی قائد کو قائد حزب مخالف کی حیثیت دی جائے گی۔

(4) ریاستی کمشنر اطلاعات کے روزمرہ کام کاج کی نگرانی' مقصد کا فیصلہ' کام کاج کے سنبھالنے کے حقوق' ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات کے تفویض ہی رہیں گے۔ ان حقوق کے استعمال میں اعلیٰ کمشنر اطلاعت کو' ریاست کے کمشنرز اطلاعات مدد کرینگے۔ ریاستی کمیشن اطلاعات اس قانون کے تحت آزادانہ کسی بھی دوسرے حقوق کو نہ لیتے ہوئے' تمام ان سے متعلقہ حقوق کو ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات استعمال کر سکتے ہیں۔

(5) ریاست کے اعلیٰ کمشنر اطلاعات اور کمشنرز اطلاعات عوام کو عام زندگی سے تعلق رکھنے والے ہونے چاہیے۔ان کو وسیع معلومات سائنسی' اور تکنیکی معلومات' سماجی حالات اور تنظیمی تجربات' صحافت' ذرائع اطلاعات' کام کرنے کی صلاحیت اور قابلیت رہنے کی ضرورت ہے۔

(6) ریاست کے اعلیٰ کمشنر اطلاعات یا ریاست کے کمشنرز اطلاعات' لوک پارلیمنٹ کے ارکان ریاست یا مرکزی حکومت کے تحت کے علاقوں میں مجلس مقنّنہ کے ارکان نہ ہونے کے پابندی ہے۔مالی لحاظ سے فائدہ حاصل کرنے والے کوئی بھی دوسرے افراد اس میں ارکان کے قابل نہیں رہیں گے۔ان کو کسی بھی سیاسی پارٹی سے تعلق نہیں رہنا چاہیے۔کسی بھی دوسری تجارت یا پیشہ' کو اختیار نہیں کرنا چاہیے۔

(7) ریاست کے اطلاعاتی کمیشن مرکزی دفتر' ریاستی حکومت اس کے جریدہ میں شائع کئے مقام پر ہی قائم رہیں گے۔ریاستی حکومت سے پہلے آمادگی حاصل کرنے کے بعد' ریاستی اطلاعاتی کمیشن ریاست کے دوسرے مقامات پر دفاتر قائم کرسکتا ہے۔

16-(ا) ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات اپنا عہدہ قبول کی نے کی تاریخ سے پانچ سال تک عہدہ پر قائم رہیں گے۔ریاست کے اعلیٰ کمشنر اطلاعات دوبارہ تقرر کرنے کا امکان نہیں ہے۔کوئی ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات 65 سال کی عمر کے بعد اپنے عہدے پر قائم نہیں رہ سکیں گے۔

(1) ہر ریاست کے کمشنر اطلاعات عہدہ قبول کرنے کے پانچ سال تک یا 65 سال کی عمر ہو جانے تک' جو بھی پہلے ہو جائے اس وقت تک اپنے عہدے پر رہ سکتے ہیں۔عہدے سے سبکدوشی کے بعد دوبارے تقرر کا امکان نہیں ہے۔اس سب سکشن کے تحت عہدہ سے سبکدوش ہونے والے کسی بھی ریاست کے اطلاعاتی کمشنر کو سب (15) کے سب سکشن 3 میں بتائے گئے قانون کے تحت ریاست کے اعلی اطلاعاتی کمشنر کی حیثیت سے تقرر کئے جا سکتے ہیں۔

(ii) ہر ریاست کے کمشنر اطلاعات عہدہ قبول کرنے کی تاریخ سے پانچ سال کے لئے یا 65 سال کی عمر کے ہو جانے تک جو بھی پہلے ہو اس عہدے پر قائم رہ سکتے ہیں۔عہدہ سے سبکدوش ہونے کے بعد دوبارہ تقرر کا امکان نہیں ہے۔اس سب سکشن کے تحت عہدہ سے دست بردار ہونے تک کسی بھی ریاست کے کمشنر اطلاعات کو (15) سکشن کے سب سکشن (3) مہیا کئے گئے قواعد کے تحت۔ریاست کے اعلیٰ اطلاعاتی کمشنر کے حیثیت سے تقرر کا امکان ہے۔اس طرح ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات کی حیثیت سے تقرر کئے جانے کے بعد' دونوں عہدہ کو ملا کر صرف پانچ سال تک ہی عہدوں پر قائم رہ سکتے ہیں۔

(iii) ریاست کے اعلی اطلاعاتی کمشنر یا ریاست کے کمشنر اطلاعات کا عہدہ قبول کرنے سے پہلے گورنر کے سامنے' یا اس فرض کے لئے گورنر کی

طرف سے مقرر کئے کسی دوسرے شخص کے سامنے پہلے شیڈ یول میں بتائے گئے طریقہ پر' عہدہ قبول کرنے سے پہلے حلف برداری کی ضرورت ہوتی ہے۔

(iv) ریاست کے اعلی اطلاعاتی کمشنر یا ریاستی اطلاعاتی کمشنر کسی بھی وقت اپنی دستی تحریر سے خط لکھ کر' عہدے سے سبکدوش ہوسکتے ہیں۔سکشن (15) میں بتائے گئے طریقہ پر ریاست کے اعلیٰ اطلاعاتی کمشنر یا ریاستی کمشنر اطلاعات کوان کے عہدے سے الگ کرسکتے ہیں۔

(5) تنخواہیں' الاؤنس اور دوسرے ملازمتی قواعد اور اصول

(a) ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات کو الیکشن کے اعلی کمشنر کے مماثل رہیں گے۔ریاستی کمشنر اطلاعات کو ریاست کے چیف سکریٹری کی تنخواہ کے برابر ہوگی۔

(b) ریاست کے اطلاعاتی کمشنر کو ریاست کے چیف سکریٹری کے مساوی رہیں گے۔ریاست کے کمشنر اعلیٰ اطلاعات' ریاست کے اطلاعاتی کمیشن کی اجازت حاصل کرنے کی صورت میں ماضی میں مرکزی حکومت کے تحت یا ریاستی حکومت کے تحت کئے گئے ملازمت کے عوض اگر پنشن لے رہے ہوں (معذوروں کو اور زخمی لوگوں کو دیئے جانے والے پنشن کے علاوہ) ایک ہی مشت میں پنشن حاصل کئے گئے لوگوں کے لئے' گریجوٹی کے علاوہ ۔دوسرے تمام سہولیات جو باقی ملازمین حاصل کرتے ہیں' پنشن کے من

جملہ اس رقم کو تنخواہ سے منہا کر فیا جائے گا۔ ریاستی اعلی کمشنر اطلاعات' اور ریاست کے کمشنر اطلاعت کے تقرر کے وقت' ماضی میں مرکزی قوانین کے تحت یا ریاستی قوانین کے تحت تبائے ہوئے' کارپوریشن میں کیئے ہوئے ملازمت کو یا مرکزی حکومت' یا ریاستی حکومت کے تحت یا ان کے تحت کے حکومتی کمپنیوں میں کیئے گئے ملازمت کے لئے اگر پنشن حاصل کر رہے ہوں تو اس فائدے کے مساوی پنشن کو منہا کر کے تنخواہ ادا کی جائے گی۔ ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات اور ریاست کے کمشنر اطلاعات کے تقرر کے بعد' الاونس' ملازمت کے قواعد اور اصول ان کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔

(6) اسی قانون کے تحت عمل کیئے جانے والے کام کاج کو بہتر طریقے سے انجام دینے کے لئے ضروری عہدیداروں کو اور ملازموں کو ریاستی حکومت' ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات کے کمشنر کے تفویض کریگی ان عہدیداروں کو اور ملازموں کو دیئے جانے والی تنخواہیں' اور الاونس سے تعلق' ملازمت کے قواعد اور اصول کے سلسلہ فیصلہ کن طریقے سے عمل کیا جائے گا۔

17۔(ا) سب سکشن (3) کے تحت قواعد کے تحت ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات کو یا کسی بھی ریاست کے کمشنر اطلاعات کو ثابت ہونے کی صورت میں ان کی بدچلنی' یا نا مناسب صحت کی بنیاد پر صرف گورنر کے احکامات کی بنیاد پر ہی ان کے عہدے سے الگ کیا جا سکتا ہے۔ گورنر کے بھاؤ کی بنیاد

پر' سپریم کورٹ کے ذریعہ چھان بین کرا کران کی بدچلنی اور نامناسب صحت کی بنیاد پر ریاست کے کمشنر اعلی اطلاعات کو یا کمشنر اطلاعات کو عہدہ کو الگ کئے جانے کے بارے میں مواد داخل کرنے کے بعد گورنر ان احکامات کو جاری کر سکتے ہیں۔

(2) سب سکشن (ا) کے تحت ریاست کے اہم اطلاعاتی کمشنر' اور اطلاعاتی کمشنر پر جب شنوائی ہوتی ہے' تو یہ شنوائی ختم ہو کر سپریم کورٹ کے ذریعہ فیصلہ کرنے تک ان دونوں کو گورنر ریاست' ان دونوں شنوائی کے دوران معطل کر سکتے ہیں۔ اور ضروری سمجھنے پر ان کو دفتر میں آنے سے بھی منع کر سکتے ہیں۔

(3) سب سکشن (ا) کے اندر بتائے گئے قواعد کو نظر انداز کرتے ہوئے ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات کو یا کمشنر اطلاعات کو گورنر حسب ذیل وجوہات کی بنیاد پر ان کے عہدے سے برخواست کر سکتے ہیں۔

(a) جب یہ یقین ہو جاتا ہے کہ ان کا دیوالہ نکل گیا ہے۔

(b) وہ کسی بھی الزام کے شکار ہوں' اور جب بعد ثابت ہو کہ۔ یہ الزام غیر اخلاقی ہے۔

(c) ان دوران ملازمت' غلط طریقہ اختیار کر کے نامناسب طریقے سے دولت کماتے ہوں اور اس کا ثبوت بھی مل جاتا ہو۔

(d) گورنر کو جب یہ یقین ہو جاتا ہے کہ وہ جسمانی اور دماغی طور پر کمزور ہو

گئے ہیں اور ان کو ان کے عہدے کو سنبھالنے کی سکت نہیں رہی ہو۔

(e) ریاست کے اعلی کمشنر اطلاعات یا کمشنر اطلاعات ان اقتدار کو خطرہ یا نقصان پہنچانے کا جب احتمال ہوتا ہے' مالی فوائد اور دوسرے قسم کے فوائد ناجائز طریقے سے حاصل کرنے کی صورت میں۔

(4) مرکزی حکومت یا اس کی طرف سے کسی قسم کا معاہدہ یا کنٹراکٹ میں' ریاستی اعلی اطلاعاتی کمشنر' کسی بھی قسم کی دلچسپی لیتے ہوں' اور اگر ان سے تعلقات رکھتے ہوں (اس سے مراد ان کے ناجائز برتاؤ کا ثبوت ہوگا۔) کسی بھی ان کارپوریٹ فائدہ یا آمدنی' میں ان کی حیثیت سے' یا کسی بھی دوسرے طریقے سے فائدہ اٹھانے پر' وہ بھی ناجائز برتاؤ ہی قرار دیا جائے گا۔

باب (5)

اطلاعاتی کمیشن ۔ اقتدار' فرائض' اپیل اور جرمانے

18۔(ا) اس قانون کے تحت کسی بھی شخص سے جب فریاد وصول ہو تو اسی کے بارے میں شنوائی اور سوچ وچار کرنا یا ریاستی اطلاعاتی کمشنر کا فرض ہو جاتا ہے' اعتراضات کے تعلقات۔

(a) مرکزی اطلاعاتی کمشنر' ریاستی اطلاعاتی کمشنر' کا تقرر نہ ہونے پر

معلومات کے لئے عرضی داخل نہ کرسکنے کی صورت میں مرکز کے اطلاعات و تعلقات عامہ کے مددگار کو یا ریاست کے اطلاعات کے مددگار عہدہ دار کو جب درخواست وصول ہوئے ہوں اور اپیل کو قبول نہ کرتے ہوں تو اس کو مرکز اطلاعاتی کے عہدہ دار یا ریاست کے اطلاعاتی عہدہ دار یا سکشن (19) کے سب سکشن (1) میں بیان کئے گئے کسی اعلیٰ عہدہ دار یا مرکزی اطلاعاتی کمیشن، یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کو روانہ نہ کرتے ہوں۔

b) اس قانون کے تحت درخواست کئے گئے معلومات فراہم کرنے سے انکار کرنے کی صورت میں۔

c) اس قانون کے تحت معلومات کے لئے دیئے گئے درخواست کو مقرر وقت میں جب جواب حاصل نہ ہو۔

d) معلومات کے لئے داخل کئے جانے والی رقم مناسب نہ ہو تو،

e) اس قانون کے تحت فرد کو نامکمل، اور گمراہ کن اور غلط معلومات کی فراہمی کا سب درخواست گذار کو شک ہو جاتا ہے۔

f) اس قانون کے تحت 'معلومات حاصل کرنے کی گذارش کرنا، ریکارڈ کو فراہم کرنے کے سلسلہ میں یا ایسے کسی بھی دوسرے حالات میں۔

(2) عرض پر سنوائی کرنے کے لئے مناسب وجوہات کا جب مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کو یقین ہو جاتا ہے تو اس پر سنوائی

کے احکامات جاری کر سکتے ہیں۔

(3) اس سکشن کے تحت کسی بھی قسم کی سنوائی کرتے وقت مرکزی امدادی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کو Civil 1908 Procedure Code کے تحت کوئی بھی سنوائی کرتے وقت سیول کورٹ کے جو اقتدار حاصل ہوئے ہیں حسب ذیل کو بھی ایسے ہی اقتدار حاصل رہینگے۔

a) متعلقہ افراد کو سمن جاری کر کے ان کو حاضر کرنے کے لئے زبانی طور پر یا تحریری طور پر وہ ثبوت پیش کرنے کے لئے کاغذات یا دوسری ضروری

چیزیں فراہم کرانے کے لئے۔

b) حصول دستاویزات اور ان کی جانچ۔

c) حلف نامہ پر حصول شہادت۔

d) کسی بھی کورٹ سے یا دفتر سے حکومتی ریکارڈ یا ان کے نقول منگوانا۔

e) گواہوں سے پوچھ تاچھ کرنے کے لئے یا کاغذات کو تنقیح کرنے کے لئے ثمن اجراء کرنا۔

f) فیصلہ کے مطابق کچھ دوسری چیزیں بھی ہو سکتی ہیں۔

(4) پارلیمنٹ یا ریاستی قانون ساز اسمبلی میں کئے گئے کسی بھی قانون

کے قواعد جب آڑے ہوتے ہوں تو مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن اس قانون کے تحت جب کسی درخواست پر سنوائی کرتے ہوں، تو اقتدار میں رہ کر اس قانون کی سنوائی کے خاطر کسی بھی ریکارڈ کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ ایسے ریکارڈ کو کسی بھی وجہ سے اطلاعاتی کمیشن کے سامنے نہ پیش کرنا جائز نہیں ہوگا۔

19۔(1) سکشن (7) کے سب سکشن (1) یا سب سکشن (3) کے فقرہ(a) کے اندر مقرر کئے گئے وقت کے اندر اگر کسی شخص کو جواب نہ ملے یا مرکزی اطلاتی کمیشنر یا ریاستی شخص کو اطلاعاتی کمیشنر کے فیصلے سے تشفی نہ پانے والے اس معینہ وقت کے بعد یا فیصلہ حاصل ہونے کے بعد(30) دن کے اندر اپیل کر سکتے ہیں۔ مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار کو متعلقہ اقتدار پر رہنے والے کسی بھی سینئر عہدہ دار کو یہ اپیل داخل کر سکتے ہیں۔(30) دن کا وقفہ گذرنے کے بعد اپیل آنے کی صورت میں اس دیری کے لئے ہوئے وجوہات وہ سینئر عہدہ دار کو جب یقین ہو جاتا ہے تو وہ اس اپیل کو قبول کر سکتے ہیں۔

2) مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار سکشن(11) کے تحت تیسرے پارٹی کے متعلق معلومات کو عام کرنے کے فیصلہ کی صورت میں اس فیصلہ پر اپیل اگر تیسرا فریق چاہے تو اس فیصلہ کے(30) دن کے اندر اپیل کر لینا چاہیئے۔

3) سب سکشن (1) کے تحت فیصلہ کے بارے میں دوسری مرتبہ اپیل کرنا چاہیں تو اس فیصلہ کے تاریخ سے یا فیصلہ حاصل ہونے کی تاریخ سے (90) دن کے اندر اندر مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کے روبرو اپیل کر سکتے ہیں۔(90) دن کا عرصہ گذارنے کے بعد دوسری اپیل داخل ہونے کی صورت میں اس دیری کے لئے مناسب وجہ کا جب مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کو یقین ہوجاتا ہے تو وہ دوسری اپیل کو قبول کر سکتے ہیں۔

4) مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار کا فیصلہ اگر تیسرے فریق سے فیصلہ ہو تو مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن، اس تیسرے فریق کو ان کی درخواست داخل کرنے کا موقعہ دینا چاہئے۔

5) کسی بھی اپیل کی شنوائی میں کسی بھی اپیل کو انکار کرنا منصفانہ حیثیت کو ثابت کرنے کی ذمہ داری اس عہدہ دار پر ہی ہوگی جو اپیل کو مسترد کر دیتا ہے۔

6) سب سکشن (1) یا سب سکشن (2) کے تحت آئے ہوئے اپیل حاصل ہونے کے (30) دن کے اندر آنے کے بارے میں فیصلہ ہوجانا چاہیے۔اگر اس معینہ وقت کو بڑھانے کی ضرورت ہو تو اپیل داخل ہونے کی تاریخ سے جملہ (45) دن کے اندر اپیل کا فیصلہ ہوجانا چاہیے۔اور اس

مدت کو بڑھانے کے وجوہات کو تحریری طور پر درج کر دینا چاہیے۔

7) مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کے لئے ہوئے فیصلوں کو سب لوگ مان لینا چاہیئے۔

8) مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کو فیصلہ کرنے کے حسب ذیل اقتدار حاصل ہیں۔

a) اس قانون کے قواعد کو عمل میں لانے کے لئے ضروری اقدام کرنے کے لئے حکومت کو ہدایات دے سکتے ہیں۔ان اقدام میں حسب ذیل بھی حصے ہوتے ہیں۔

(i) کوئی بھی جب چاہتے ہوں تو ایک خاص صورت میں معلومات کو فراہم کرنا۔

(ii) مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار کو یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار کو تقرر کرنا۔

(iii) مقرر کردہ معلومات یا اس کے چند حصے شائع کرنا۔

(iv) ریکارڈ کو سنبھال کر رکھنا اس کی نگرانی' ان کو ضائع کرنے کے لئے اختیار کئے جانے والے طریقوں میں چند ضروری تبدیلیاں کرنا۔

v) اقتدار کے عہدہ داروں کو اطلاعاتی حق پر تربیت دینا۔

vi) سکشن (4) کے اندر کے سب سکشن فقرہ (B) کے عمل کے بارے میں سالانہ رپورٹ پیش کرنا۔

b) درخواست گذار کو ہوئے نقصان کو یا دوسری مصیبت کے لئے رعایت اور امداد کے ذریعہ درخواست گذار کو راحت دلانے کے لئے حکومت کو ہدایت دینا۔

c) اس قانون میں واضح کیے گئے طریقہ پر جرمانے عائد کرنا۔

d) درخواست کو مسترد کر دینا۔

(9) مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن اس کے فیصلے کو اپیل کی گنجائش ہو تو ان تفصیلات کے منجملہ درخواست گذار کو اور حکومت کو نوٹس کے ذریعہ آگاہ کرنا چاہیے۔

(10) مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن اپیل کی سنوائی مقرر وقت پر کر سکتی ہے۔

20۔(i) درخواست پر یا اپیل پر مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن جب فیصلہ کرتا ہو تو مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار مناسب ذریعہ کے بغیر اگر درخواست کو قبول نہ کرنے کی صورت میں بغیر کسی مناسب وجہہ کے سکشن (7) کے سب سکشن (1) بتائے ہوئے مقررہ وقت کے اندر معلومات فراہم نہ کرنے کی صورت میں معلومات کے لئے درخواست کو بری نیت سے مسترد کرنے کی صورت میں یا معلوم ہو کر بھی قبول نہ کرنا' غلط معلومات فراہم کرنا چاہیں' اگر درخواست میں ضروری مواد کو نظر انداز کرنے کی صورت یا کسی بھی دوسری صورت میں معلومات کو

نہ بتانے کی صورت میں درخواست کو حاصل کرنے تک یا معلومات فراہم کرنے تک روزانہ (250) روپئے کے حساب سے جرمانہ ادا کر سکتے ہیں۔ یہ جرمانہ (25000) روپیوں سے تجاوز نہیں کرنا چاہیئے۔ جرمانہ عائد کرنے سے پہلے مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار کو یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار کو ان کے بحث کو سنوانے کے لئے مناسب موقع دینا چاہیئے۔ وہ مناسب طریقہ سے اور احتیاط سے ہی برتاؤ کرنے کی ذمہ داری مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار پر ہی ہوتی ہے۔

(2) درخواست یا اپیل پر فیصلہ کرتے وقت مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار بغیر کسی مناسب وجہ کے بار بار درخواست کو مسترد کرنے کی صورت میں یا سکشن (7) کے سب سکشن (1) میں بتائے گئے مقررہ وقت کے اندر معلومات فراہم نہ کرنے کی عجلت میں درخواست داخل نہ کرنے کے الزام میں درخواست کو مسترد کرنے کی صورت میں یا درخواست کو عمداً مسترد کرنے کی صورت میں یا درخواست گذار کے مطلوبہ معلومات کو ضائع کرنے کا جب شک ہو جائے اور کسی دوسرے طریقہ سے معلومات کو روکنے کا شک ہو جائے تو وہ مرکزی اطلاعاتی عہدہ دار یا ریاستی اطلاعاتی عہدہ دار ان کے قواعد ملازمت کے لحاظ سے ان پر کارروائی کرنے کی سفارش کر سکتے ہیں۔

باب (6)

متفرقات

21 ۔ اس قانون کے تحت یا اس قانون کے تحت بنائے گئے قواعد کے تحت اس یقین کے ساتھ کہ وہ بھلائی کر رہے ہیں جو بھی کسی قسم کی حرکت کریں، اس صورت میں ایسے حرکات کرنے والوں پر دعویٰ دائر کرنے کے لئے یا پراسیکوٹ کرنے کے لئے قانونی اقدام کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔

22۔ اقتدار کے راز میں رکھنے کا قانون 1923 عمل میں رہنے والے کوئی بھی دوسرا قانون، یا کسی بھی دوسرے قانون کے ذریعہ عمل میں آنے والے اس قانون سے بے تعلق واقعات بھی اس قانون کے قواعد میں ملحوظ رہینگے

23۔ اس قانون کے تحت جاری ہونے والے کسی بھی حکم پر دعویٰ یا درخواست یا کسی بھی دوسرے اقدام کو عدلیہ قبول نہیں کرسکتا۔ اس قانون کے تحت اپیل کرنے کے سیوا ان احکامات کے بارے میں سنوائی کی گنجائش نہیں ہے

24۔ (ا) دوسرے شیڈیول میں بتائے گئے Intelligence حفاظتی ادارے، اور یہ ادارے حکومت کو فراہم کئے جانے والے کسی بھی معلومات پر یہ قانون لاگو نہیں ہوتا۔ ناجائز کردار کے الزامات، انسانی حقوق کو توڑنے کے بارے میں معلومات کی صورت میں یہ سب سکشن سے ان کو بے تعلق قرار دیا گیا۔ انسانی حقوق کو توڑنے کے بارے میں معلومات طلب کرنے

پر مرکزی اطلاعاتی کمیشن کی اجازت حاصل کرنے کے بعد ہی اس معلومات کو عام کیا جاسکتا ہے۔(45) دن کے اندر سکشن (7) کے تحت کے قواعد سے تعلق نہ رکھتے ہوئے معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

2) مرکزی حکومت کے ذریعہ قائم کئے گئے ایک اور انٹیلیجنس یا دفاعی ادارے کو حکومتی جریدہ میں شائع کرکے دوسرے شیڈیول میں شریک کرسکتے ہیں۔اس طرح کا اعلامیہ شائع کرتے ہی ایک ادارہ کی شیڈول میں شریک ہونے یا خارج ہوجانے کے مماثل ہے۔

3) سب سکشن (2) کے تحت جاری کئے ہوئے یہ اعلامیہ کو پارلمینٹ کے دونوں ایوان میں داخل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

4) ریاستی حکومت سے قائم کردہ Intelligence اور دفاعی اداروں پر یہ قانون لاگو نہیں ہوتا۔یہ Intelligence دفاعی اداروں کو ریاستی حکومت کے جریدہ میں اعلامیہ کے ذریعہ اعلان کرسکتا ہے ناجائز کردار کے الزامات کی صورت میں یہ سب سکشن لاگو نہیں ہوتا۔انسانی حقوق کو توڑنے کے معلومات کے سلسلہ میں ریاست کے اطلاع کی کمیشن کی اجازت حاصل کرنے کے بعد ہی سیکشن (7) کے قواعد سے ہٹ کر درخواست حاصل ہونے کے 45 دن کے اندر معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

5) سب سکشن (4) کے تحت جاری کئے گئے یہ اعلامیہ کو ریاستی اسمبلی

کے سامنے پیش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

25۔(ا) مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کے تحت، ممکنہ جلدی ہر سال کے آخر میں، اس قانون کے قواعد پر کئے گئے عمل پر ایک رپورٹ تیار کرکے اس کی کاپی حکومت کو بھیجنے کی ضرورت ہے۔

2) اس سکشن کے تحت تیار کرنے کے لئے ہر وزارتی محکمہ یا محکمہ اپنے حدود کے اندر کے حکومتی مشنری کی معلومات حاصل کر کے مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کو پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ اس طرح کی اطلاعات کی تائید کرنا، ریکارڈ تیار کرنے کے لئے ضروری تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔

3) ہر رپورٹ میں اُس سال کے متعلق کے حسب ذیل واقعات لازمی ہیں۔

a) محکموں میں حاصل ہونے والی درخواستوں کی تعداد۔

b) درخواست کو معلومات سے انکار کرنے کے درخواستوں کی تعداد۔

اس قانون میں ان فیصلوں کی بنیاد پر قواعد اور ضوابط کتنے مرتبہ ان قواعد کے تحت فیصلے لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔

c) مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن کو وصول ہوئے اپیلوں کی تعداد ان اپیل کی تفصیلات اور ان کے نتائج

d) اس قانون کے عمل کے بارے میں کسی بھی عہدہ دار پر تادیبی

کارروائی کی گئی ہوتو اس کی تفصیل ۔

e) اس قانون کے تحت ہر محکمہ جو رقم وصول کرتا ہے اس کے تفصیلات

f) اس قانون کی اہمیت اور مقاصد کو عمل میں لانے کے لئے حکومتی اداروں کی طرف سے اگر کوئی خاص کارروائی کی گئی ہوتو اس کے بارے میں حقیقی اور صحیح معلومات

g) کسی بھی خاص حکومت محکمہ کو متعلقہ سفارشات کے ساتھ اصلاحات سے تعلق سفارشات٬ اس قانون یا معلوماتی حق کو عمل میں لانے کی غرض سے کوئی دوسرا قانون اور ان کی ترقی اور ان کی مقبولیت اور ان کی جدیدیت٬ اصلاحات٬ صحیح کئے گئے سفارشات ۔

(4) مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن تیار کئے ہوئے رپورٹ٬ کو مرکزی حکومت یا ریاستی حکومت ہر سال کے آخری جس قدر جلدی ہوسکے عمل میں رکھ کر پارلیمنٹ کے دونوں ایوان میں یا ریاستی کے قانونی مجالس میں پیش کردینا چاہیئے ۔

(5) حکومتی مشنری اس قانون کے تحت ان کے اقتدار کو انجام دینا اس قانون کے قواعد کے لئے ہمت افزاء نہ ہونے کی صورت میں مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی اطلاعاتی کمیشن جب محسوس کرے تو ان قواعد کے مطابق دینے کے لئے اقدامات کو اس حکومتی مشنری کو بتا سکتی ہے ۔

26(i) مالی وسائل اور دوسرے وسائل کے فراہمی کے حد تک موزوں حد

تک اقدامات لینے کی ضرورت ہے۔

a) اس قانون میں بتائے گئے حقوق استعمال کرنے کے سلسلے میں اہم طور پر بچھڑے ہوئے طبقات کے بارے میں ان کی سمجھ بوجھ کو بڑھانے کے لئے منصوبے تیار کرکے ان کو عمل میں لانا۔

b) فقرہ (a) میں بتائے گئے پروگرام میں حصہ لینا اور ایسے ہی پروگرام خود بنانے کے لئے حکومتی مشنری کو ہمت دلانا۔

c) ان کے کام کاج کے بارے میں حکومتی مشنری مناسب وقت پر پوری دلچسپی سے صحیح صحیح معلومات عوام کو پہنچانے کی کوشش کرنا۔

d) مرکزی عہدہ دار تعلقات عامہ یا ریاستی تعلقات کو تربیت دینا اور اس کے لئے حکومتی مشنری کو استعمال کرنے کے لئے تربیتی انتظامات کرنا۔

(2) اس قانون کے تحت پائے جانے والے حقوق کو استعمال کرنا چاہنے والے کوئی بھی شخص ضروری معلومات کے ساتھ آسانی کے ساتھ سمجھ میں آنے والے طریقہ سے ایک گائیڈ کو حکومت اس قانون کے عمل میں آنے کے 18 مہینوں کے اندر سرکاری زبان میں شائع کرنے کی ضرورت ہے۔

(3) مناسب حکومت ضرورت پڑھنے پر سب سکشن (2) میں بتائے گئے رہنمائی اصول کو وقتاً فوقتاً درست کرتے ہوئے شائع کرسکتے ہیں۔ سب سکشن (2) معمولی حالات کو دھکہ نہ پہنچتے ہوئے حسب ذیل واقعات کے بارے میں رہنمائی اصول شائع کرسکتے ہیں۔

a) اس قانون کے مقاصد:

b) سکشن (5) سب سکشن (1) کے تحت ہر حکومتی مشنری مقررہ مرکزی عہدہ دار تعلقات عامہ یا ریاستی عہدہ دار اتعلقات عامہ کا پتہ فون نمبر، فیکس نمبر ملنے کی صورت میں ای میل پتہ۔ای۔میل کا پتہ

c) مرکزی تعلقات عامہ کے عہدہ دار یا ریاستی تعلقات عامہ کے عہدہ دار کو معلومات کے لئے درخواست پہچانے کے لئے ذریعہ

d) اس قانون کے تحت ایک حکومتی مشنری کے مرکزی عہدہ دار تعلقات عامہ یا ریاستی تعلقات عامہ کے عہدہ دار سے درخواست گذار کو پہنچنے والی مدد عہدہ داروں کے فرائض۔

e) مرکزی تعلقات عامہ کا کمیشن یا ریاستی تعلقات عامہ کمیشن

f) اس قانون کے ذریعہ حاصل ہونے والے حقوق اس قانون کے ذریعہ کے فرائض میں اگر کچھ فرق آجائے یا نہ بھی آجائے تو اطلاعات کمشنر کو اپیل کرنے کے ساتھ ساتھ قانون کے اندر بتائے ہوئے تمام اصلاحی وسیلے۔

g) سکشن (4) کے لحاظ سے مختلف شعبوں کے ریکارڈ اپنے آپ عام کرنے متعلق قواعد

h) معلومات کی فراہمی کے لئے داخل کئے جانے والے رقومات کے نوٹس۔

i) اس قانون کے تحت معلومات کے حصول کے لئے اگر کچھ قواعد مرتب کئے جاتے ہیں تو ایسا سرکیولر جاری کئے ہوئے لوگوں کی تفصیلات۔

(4) موزوں حکومت' ضرورت پڑھنے پر ضروری طور پر رہنمائی اصول' وقتاً فوقتاً درست کر کے شائع کرنا لازمی ہے۔

27۔(ا) اس قانون کے اندر کے قواعد کی عمل آوری کے لئے مرکزی حکومت اپنے جریدہ میں شائع کر کے قواعد مرتب کرسکتی ہے۔

2) اوپر بیان کئے ہوئے اقتدار کی معمولی حیثیت کے لئے کسی قسم کی رکاوٹ نہ آتے ہوئے حسب ذیل حالات یا اُن میں سے کچھ کے لئے قواعد مرتب کر سکتے ہیں۔

a) سکشن (4) کے اندر سب سکشن (4) کے تحت کام کرنے کے حالات کے لئے یا اشاعت کے لئے ہونے والے اخراجات۔

b) سکشن (6) سب سکشن (1) کے تحت ادا شدہ رقم۔

c) سکشن (7) کے اندر کے سب سکشن (1) (5) کے تحت ادا کی جانے والی رقم۔

d) سکشن (13) کے اندر سب سکشن (7) کے تحت سکشن (16) کے اندر سب سکشن (6) کے مطابق عہدہ داروں کو اور دوسرے ملازموں کو دیئے جانے والی تنخواہیں اور الاؤنس' اوران کی ملازمت کے قواعد اور

اصول۔

e) سکشن (19) کے سب سکشن (10) کے تحت اپیل پر شنوائی کے لئے مرکزی اطلاعاتی کمیشن یا ریاستی کمیشن کے ذریعہ اختیار کئے جانے والے ذریع۔

f) تصفیہ شدہ طریقہ سے فیصلہ کئے جانے والے کچھ اور واقعات۔

28۔(ا) قانون کے اندر کے قواعد کو عمل کرنے کے لئے حکومتی جریدہ میں شائع کر کے متعلقہ عہدہ دار قواعد ترتیب دے سکتے ہیں۔

2) اوپر بیان کئے گئے اقتدار کو ضرر نہ پہنچتے ہوئے حسب ذیل تمام واقعات کے لئے یا ان میں کے چند واقعات کے لئے قواعد ترتیب دئے جاسکتے ہیں۔

(i) سکشن (4) کے اندر سب سکشن (4) کے تحت عام کرنے کے لئے ذریع کے لئے یا شائع کرنے کے لئے ہونے والے اخراجات۔

(ii) سکشن (6) کے اندر سب سکشن (1) کے تحت ادا کئے جانے والی رقم۔

(iii) سکشن (7) کے اندر سب سکشن (1) کے تحت ادا کئے جانے والی رقم۔

(iv) مقررہ طریقہ پر فیصلہ کئے جانے والے کسی بھی واقعہ کے سلسلہ میں

29۔(1) اس قانون کے تحت مرتب کئے گئے ہر اصول کو مرکزی حکومت

31۔ معلوماتی آزادی کا قانون 2002 اس طرح منسوخ ہو جانے کے مماثل ہے۔

پہلا جدول

(سکشن 13(3) اور 16(3) دیکھئے)

اعلیٰ اطلاعاتی کمیشنر' اطلاعاتی کمیشنر' ریاستی اعلیٰ اطلاعاتی کمیشنر۔

ریاستی اطلاعاتی کمیشنر لئے جانے والا حلف اقدار۔

اعلیٰ کمیشنر اطلاعات:۔ کمیشنر اطلاعات:۔

ریاستی اعلیٰ اطلاعاتی کمیشنر۔ ریاستی اعلیٰ اطلاعاتی کمیشنر کی حیثیت سے مقرر کئے جانے والا۔

''میں خدا کے سامنے حلف
لیتے ہوئے قانون کے مطابق
قائم ہوئے' حکومت ہند کی
دستور پر صحیح صحیح ایمانداری' اور
احتیاطی کے لئے پابند رہونگا۔
اور ملک کی سالمیت کے لئے
'اتحاد کو محفوظ رکھنے کے لئے'

میری سکت کے مطابق، بغیر کسی
فرق یا تعصب کے ایمانداری
کے ساتھ پوری جانکاری کے
ساتھ اپنے عہدہ کی ذمہ
داریاں نبھاؤنگا''

دوسرا شیڈیول

(سکشن 24 دیکھئے)

مرکزی حکومت کے ذریعہ مقرر کئے گئے Intelligence اور دفاعی اداے۔

1۔ انٹیلیجنس بیورو

2۔ کابینہ کی معتمدی کا ریسرچ اور انالائسس وینگ

3۔ ریونیو انٹیلیجنس کا ڈائرکٹریٹ

4۔ مرکزی معاشی انٹیلیجنس بیورو

5۔ انفورسمنٹ کا ڈائرکٹریٹ

6۔ نارکوٹکس کنٹرول بیورو۔

7۔ ایویشن ریسرچ سنٹر۔

8۔ اسپیشل پرانٹائر فورس۔

9۔ سرحدی دفاعی فوج۔

10۔ مرکزی ریزرو پولیس فورس۔

11۔ انڈو تبّتی بارڈ پولیس۔

12۔ مرکزی صنعتی صیانتی فوج۔

13۔ نیشنل سیکورٹی گارڈز

14۔ آسام رائفلس۔

15۔ اسپیشل سروس بیورو۔

16۔ اسپیشل برانچ۔(سی.آئی.ڈی)انڈمان اورنیکوبار۔

17۔ کرائم برانچ سی.آئی.ڈی۔سی.بی(دادرا اور نگرحویلی)

18۔ اسپیشل برانچ لکشادیب پولیس۔

قانون حق معلومات برائے شہریان ہند

طباعت و اشاعت:

مرکز برائے اچھی حکمرانی

معلومات • ٹکنالوجی • عوام

ڈاکٹر ایم سی آر ایچ آر ڈی آئی اے پی کیمپس روڈ نمبر 25 ۔ بلی ہلز
حیدرآباد 500 033 آندھراپردیش (انڈیا)

Ph.: +91-40-23541907 Fax : +91-40-23541953
visit us : www.cgg.gov.in